www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



۱۰۔ جو بھی نافرمانی ہوتی ہے اس سے خدا کا کچھ نہیں بگڑتا، انسان کا اپنا ہی بگڑتا ہے (فتکونا من الظلمین) اس پر اسے تھامنے اور سنبھلنے کے مواقع مہیا فرماتا ہے (فتلقی آدم) بالکل اسی طرح جس طرح ماں باپ اپنے بچے سے معاملہ کرتے ہیں بلکہ اس سے بھی بڑھ کر (التواب الرحیم)

۱۱۔ جو دعائیں یا اعمال خود خدا نے ہمارے لیے تجویز فرمائے ہیں، شرف قبولیت کا حتمی اور یقینی ذریعہ بھی صرف وہی ہیں، باقی سب تیر از تکے ہیں، اس لیے ان میں طبع زاد ٹانکوں سے پرہیز کیا جائے۔ ورنہ آپ کا مستقبل آپ کے لیے آپ کے حسب منشاء یقینی نہیں رہے گا۔

۱۲۔ میخانہ ہو یا مسجد، مکہ مدینہ ہو یا بیکنگ اور لینن گراڈ شیطان ہر جگہ مار کر سکتا ہے، اس لیے کسی بھی وقت اور جگہ اس سے بے فکر نہیں ہونا چاہیے۔ دیکھیے! اس نے بہشت جیسی عصمت مآب جگہ پر بھی مار کی، نماز میں آکر خراب کرنا اس کا معمول ہے۔ اللہ تعالیٰ سے ہم اس سے پناہ چاہتے ہیں۔

---

## سیرت خیر البشر آیات قرآن مجید

عقل ہے دیوانۂ محبوبِ ربّ العالمین ۔۔۔ ہوش ہے وارفتۂ انفاس ختم المرسلین
سیرت خیر البشر آیات قرآنِ مجید ۔۔۔ نقش پائے رہبر عالم ہدی للمتقین
ذکر و فکر سرورِ کونین عیشِ دو جہاں ۔۔۔ الفتِ شاہ دو عالم دولتِ دنیا و دیں
گنج قاروں، ملکِ دارا، تاج خسروؔ جام جم ۔۔۔ شاہ یثرب کے غلاموں کی نظر میں کچھ نہیں
سیرتِ پاک محمد شارح خلقِ عظیم ۔۔۔ صورتِ زیبائے احمد مظہر نورِ مبیں
دیکھنا پہنچے کہاں، فخر نبوت کے قدم ۔۔۔ تھے جہاں عاجز پر و بازوئے جبریل امیں
چھا رہا ہے ابرِ عصیاں فیہ ظلمات و برق ۔۔۔ ہاتھ سے چھوٹے نہ دامانِ شفیع المذنبیں
ہے بہارِ گلشن توحید میلادِ رسول ۔۔۔ اہل ایماں کے لیے گلبانگ نحن المومنین

نازہ کرتا ہوں، میں احسنؔ کفر بالطاغوت پر
مجھ کو احساسِ خودی ہے لا احب الآفلین

— منظور احسن عباسی


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ